NEW YORK STATE
# PARENT DASHBOARD
*Empowering New York State Parents*

## Parent Dashboard کیا ہے؟

New York State Education Department (NYSED) مزید شفافیت لانے اور اسکول کی کارکردگی اور اسکولی سطح کے دیگر ڈیٹا تک والدین اور عوام الناس کی رسائی کو بہتر بنانے کے لیے ایک وسیلہ تیار کر رہا ہے۔ یہ نیویارک کے **ESSA** منصوبہ کا حصہ ہے۔

## تاثرات

Parent Dashboard کی تیاری کے کام کو آگے بڑھانے کے لیے NYSED والدین اور متعلقہ اشخاص سے ان کے تاثرات اکٹھا کر رہا ہے۔ NYSED ان تاثرات کا استعمال ایسے ڈیٹا کی شناخت کے لیے کرے گا جو کہ والدین اور عوام کے لیے انتہائی مفید ہوں۔

## ڈیزائن

Partent Dashboard کا ڈیزائن واضح اور آسان ہوگا تاکہ نیویارک کے والدین اور عوام کی ضرورتیں بہتر طور پر پوری ہو سکیں۔



## Every Student Succeeds Act

Every Student Succeeds Act (**ESSA**) ایک قانون ہے جو اس بارے میں تفصیلات فراہم کرتا ہے کہ ریاستیں سرکاری اسکولوں کا تعاون کرنے کے لیے وفاقی رقم کا استعمال کس طرح کر سکتی ہیں۔

نیویارک ریاست نے ESSA کا ایک منصوبہ وضع کیا تھا جسے امریکی محکمۂ تعلیم نے جنوری 2018 میں منظوری دے دی۔ یہ منصوبہ تمام طلبہ کے لیے تعلیم کے میدان میں مساوات پر زور دیتا ہے اور اسکول کی جوابدہی اور طلبہ کی کامیابی کے لیے کارروائیوں کو وسیع کرتا ہے۔

## مساوات کو فروغ دینا

بنیادی طور پر، ESSA ایسے طریقے تیار کر رہا ہے جن سے ڈسٹرکٹس اور اسکولوں کی مدد کرکے تعلیمی مساوات کو فروغ دیا جائے گا اور اس دوران وہ لوگ ہر طالب علم کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھیں گے۔

نیویارک ریاست اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پابند عہد ہے کہ سبھی طلبہ اسکول میں کامیاب ہوں اور پھلیں پھولیں چاہے وہ جو بھی ہوں، جہاں بھی رہتے ہوں، جہاں بھی اسکول میں جاتے ہوں یا جہاں سے بھی آئے ہوں۔

ESSA سے متعلق مزید معلومات
اس پتہ پر حاصل کریں:
**www.nysed.gov/essa**

Urdu